Series : YXWZ4

SET ~ 4

رول نمبر

Roll No.

Q.P. کوڈ 3

Q.P. Code

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

**نوٹ:**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد 7 ہے۔

(II) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامہ میں چھپے سوالات کی تعداد 11 ہے۔

(III) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جواب کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**

(V) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے ~ 10.30 بجے تک طلبا صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کور)

# URDU (Core)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80

*Maximum Marks : 80*

**عام ہدایات:**

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس سوالنامے میں کل 11 سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ (الف)**: سوال نمبر 1 تا 5۔

(iv) **حصہ (ب)**: سوال نمبر 6 تا 11۔

(v) ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) Question paper is divided into **2** Sections.

(ii) It has total 11 Questions.

(iii) **Section A** : Q. No. **1** to **5**

(iv) **Section B** : Q. No. **6** to **11**

(v) Attempt questions as per specific instructions.

(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

### حصہ-الف (Section-A)

1. درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالات کے جوابات لکھیے: **5 × 2 = 10**

ہندوستان کا موسم تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ یہ گرم سے گرم تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ گرمی کی شدّت کی وجہ سے فصلیں خراب ہو رہی ہیں، آبی وسائل جیسے نہریں، تالاب اور دریا سوکھ رہے ہیں۔ مانسون کی بارش کے بارے میں پیشن گوئی کرنا ممکن نہیں رہا اور بارش یا تو اتنی تیز ہوتی ہے کہ سیلاب آجاتا ہے یا اتنی کم کہ خشک سالی ہو جاتی ہے۔ سمندر کی بڑھتی ہوئی سطح کے سبب ساحلی علاقوں کو خطرہ لاحق ہوا ہے اور ہمالیہ کے پگھلتے ہوئے گلیشیر ملک بھر کے لاکھوں لوگوں کے لیے پانی کی سپلائی کو متاثر کر سکتے ہیں۔ آندھیاں اور سمندری طوفان بھی بہت زیادہ آنے لگے ہیں جن سے بڑا نقصان ہوتا ہے۔ حکومت ان سب کی روک تھام کے لیے بہت سے کام کر رہی ہے۔ لیکن عام لوگوں کا تعاون ملنا ضروری ہے۔ لوگ اگر اپنی عادتیں تبدیل کر لیں، ماحول کا تحفظ کریں، پانی کی بچت کریں، غیر ضروری طور پر کوڑا کرکٹ نہ پھیلائیں تو تبدیلی ممکن ہے۔

(i) ہندوستان کے موسم میں کس قسم کی تبدیلی رونما ہو رہی ہے؟

(ii) موسم کی تبدیلی سے کیا کیا اثرات ہوئے ہیں؟

(iii) سیلاب اور خشک سالی کے اسباب کیا ہیں؟

(iv) سمندر کی بڑھتی ہوئی سطح سے کیا خطرہ ہے؟

(v) حکومت کے ساتھ عام لوگ کس طرح تعاون کر سکتے ہیں؟

.2 درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر **250-300** الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ **1 × 10 = 10**

(i) اردو — ہماری زبان

(ii) سوشل میڈیا اور ہماری ذمہ داریاں

(iii) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

.3 (a) آپ کے گھر 312/A ، نیاز محلّہ، موہن پوری، میرٹھ، اترپردیش سے کل رات آپ کی سائیکل چوری ہو گئی ہے۔ آپ کا نام راحت/رابعہ ہے۔ پاس کے تھانہ ایس۔ایچ۔او۔ کو خط لکھ کر اپنی سائیکل کی چوری کی شکایت درج کرائیے۔ **1 × 8 = 8**

**یا (OR)**

(b) کل شام آپ کے والد صاحب نے اپنے مالی حالت کا ذکر کرتے ہوئے آپ سے کہا کہ وہ اب آپ کے اسکول کی فیس نہیں بھر سکتے۔ لہٰذا اپنے اسکول کے پرنسپل کو فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ آپ ساجد/ساجدہ ہیں اور ایلائیٹ پبلک اسکول، اشوک نگر، گنٹور، آندھرا پردیش کی جماعت گیارھویں-اے میں زیر تعلیم ہیں۔

4. درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے: 5 + 2 = 7

1857 کا انقلاب کئی معنوں میں ہندوستان کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے۔ یہ وہ اہم موڑ ہے جس نے فکر مند ہندوستانیوں کو سوچنے سمجھنے پر مجبور کر دیا۔ سیاسی نظام کی تبدیلی نے بدلتے حالات کے بدلتے تقاضوں اور بدلتی قدروں کا احساس دلایا۔ ہندوستانیوں کے خراب حالات اور سماج میں پنپ رہی خامیوں کا احساس نہ ہونے کے سبب حالات بد سے بدتر ہوتے چلے جارہے تھے۔ سیاسی زوال کے سبب صرف حکمرانی ہی نہیں چھنی تھی بلکہ ہندوستانی سماجی، معاشی، اور تہذیبی سطح پر بھی پسماندہ ہوگئے تھے۔ وہ انگریزوں کو اپنے آقا کے طور پر ماننے کو تیار نہ تھے۔

5. درج ذیل محاوروں میں سے صرف **پانچ** کے معنی لکھیے اور انہیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: 5 × 2 = 10

(i) طوطی بولنا (ii) سر دُھننا (iii) حقِ نمک ادا کرنا (iv) ناک کٹنا

(v) بغلیں بجانا (vi) آؤ بھگت کرنا (vii) چار چاند لگنا (viii) ٹوٹ پڑنا

## حصہ-ب (Section-B)

6. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: 1+2+1+2+1=7

اونچے نیچے خوبصورت پہاڑی سلسلے، گہری کھائیاں اور ان کے درمیان راگ الاپتی، آڑی ترچھی بل کھاتی ہوئی ندیاں، اور پہاڑوں کی چوٹیوں سے گرتے ہوئے آبشار سیّاحوں کو دعوتِ نظارہ دیتے ہیں۔ یہ خوبصورت صوبہ میگھالیہ کہلاتا ہے جسے 12 اپریل 1970 میں آسام کے جنوبی حصّہ گارو، کھاسی اور جنتیا پربتوں کے علاقوں کو الگ کر کے تشکیل دیا گیا ہے۔ اس کے شمال میں صوبۂ آسام اور جنوب میں بنگلہ دیش ہے۔ اس کا کل رقبہ بائیس ہزار پانچ سو مربّع کلومیٹر ہے۔ اس کی آبادی تقریباً دس لاکھ ہے۔ سال بھر یہ صوبہ بادلوں سے ڈھکا رہتا ہے۔ اسی لیے اسے میگھالیہ (بادلوں کا گھر) کہتے ہیں۔ یہاں چھوٹے اور نیچے پہاڑی سلسلے دور دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔ زمین پٹھاری اور اونچی نیچی ہے۔ یہاں کا سب سے اونچا پٹھاری علاقہ شیلانگ پیک کہلاتا ہے۔ یہ چھ ہزار پانچ سو فٹ بلند ہے۔

(i) دعوت نظارہ کے کیا معنی ہیں؟

(ii) میگھالیہ کی تشکیل کب اور کس طرح ہوئی؟

(iii) میگھالیہ کا کل رقبہ کتنا ہے؟

(iv) اس علاقے کو میگھالیہ کیوں کہا جاتا ہے؟

(v) شیلانگ پیک کس علاقے کو کہتے ہیں؟

7. (a) غالب کے خطوط کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 1 × 5 = 5

**یا (OR)**

(b) سبق ''چچا چھکّن نے خط لکھا'' میں شامل کرداروں کے بارے میں بتائیے۔

8. درج ذیل سوالات میں سے صرف **چار** سوالوں کے جواب دیجیے۔ 4 × 2 = 8

(i) رشید احمد صدیقی نے پہلی دعوت کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟

(ii) رائے صاحب اور خان صاحب کے درمیان رنجش کی کیا وجہ تھی؟

(iii) کون سے لوک گیتوں سے فلمی سنگیت کو فائدہ پہنچا؟

(iv) پروفیسر کے۔ بخش کا تعارف لکھیے۔

(v) سبق ''خط'' کی روشنی میں ''بیرنگ'' کے معنی بتائیے۔

(vi) آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کے دور کی دلّی کی کیا خوبیاں تھیں؟

(vii) پھول والوں کی سیر سے درگاہ شریف اور جوگ مایا مندر کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

(viii) آگرہ بازار میں مداری نے اپنے بندر کے ذریعے تماشے میں کیا رنگ جمایا؟

9. (a) میر تقی میر کی مثنوی ''اپنے گھر کا حال'' کا خلاصہ لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

یا (OR)

(b) نظم ''پرچھائیاں'' میں پیش کیے گئے خیالات کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

10. درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے: $5 \times 1 = 5$

(i) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

(ii) میر تقی میر کے والد کا کیا نام تھا؟

(iii) ''چار جاتے ہیں چار آتے ہیں'' اس مصرعے میں شاعر کا کس جانور کی طرف اشارہ ہے؟

(iv) کیا ''پرچھائیاں'' ایک طویل نظم ہے؟

(v) نظم ''پرچھائیاں'' میں جنگ بند کرنے کے لیے کن لوگوں کو مخاطب کیا گیا ہے؟

11. درج ذیل سوالات کے متبادل جواب میں سے درست جواب کی نشان دہی کیجیے: $5 \times 1 = 5$

(i) 'گاؤں کی لاج' صنف کے اعتبار سے کیا ہے؟

(A) مضمون (B) انشائیہ

(C) سفر نامہ (D) افسانہ

(ii) ابن انشا کس قسم کی تحریروں کے لیے جانے جاتے ہیں؟

(A) مزاحیہ (B) سنجیدہ

(C) رنجیدہ (D) معلوماتی

(iii) افسانے کی بنیادی چیز کسے کہتے ہیں؟

(A) کردار
(B) وحدتِ تاثر
(C) مشاہدہ
(D) مکالمہ

(iv) پھول والوں کی سیر میں کس بازار کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) بھنڈی بازار
(B) مہرولی
(C) چاندنی چوک
(D) مینا بازار

(v) 'چچا چھکن نے خط لکھا' کس مصنف کی تحریر ہے؟

(A) سیّد امتیاز علی تاج
(B) علی عباس حسینی
(C) مرزا فرحت اللہ بیگ
(D) حبیب تنویر